سوال

(423) رضاعی بھائی کی بہنیں حرام نہیں ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرے ایک چچازاد بھائی نے جس سے میں دس یا کچھ دن زیادہ چھوٹا ہوں' میرے ساتھ ملکر دودھ پیا ہے' اس کی اس سے دو چھوٹی بہنیں ہیں' کیا ان میں سے چھوٹی کے ساتھ شادی کرنا میرے لئے صحیح ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگر امر واقع اسی طرح ہے جس طرح آپ نے ذکر کیا ہے تو پھر آپ کیلئے اپنے چچازاد بھائی کی کسی ایک بہن سے شادی کرنا جائز ہے بشرطیکہ آپ کے اور اس لڑکی کے درمیان رضاعت محرم نہ ہو جس سے آپ شادی کرنا چاہتے ہیں آپ کے برادر عم زاد نے آپ کی والدہ کا جو دودھ پیا ہے' اس کا اس کی کسی بہن سے آپ کی شادی پر کوئی اثر نہیں پڑیگا خواہ اس نے دودھ کم پیا ہو یا زیادہ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج3ص382

محدث فتویٰ